میں ایک دن حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر پر چڑھا، تو دیکھا کہ نبی ﷺ شام کی طرف منہ اور کعبہ کی طرف پشت کرکے قضاء حاجت کر رہے ہیں۔

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں ایک دن حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر پر چڑھا، تو دیکھا کہ نبی ﷺ شام کی طرف منہ اور کعبہ کی طرف پشت کر کے قضاء حاجت کر رہے ہیں“۔ ایک اور روایت میں ہے: ”بیت المقدس کی طرف منہ کر کے“۔

[صحیح] [متفق علیہ]

ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ وہ ایک دن اپنی بہن اور نبی ﷺ کی زوجہ حفصہ رضی اللہ عنہ کے گھر آئے، جب گھر کی چھت پرچڑھے، تو نبی ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ شام کی طرف رخ اور قبلہ کی طرف پیٹھ کرکے قضاء حاجت کر رہے ہیں۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کے رد میں یہ حدیث سنائی، جن کا کہنا تھا کہ قضاء حاجت کے دوران بیت المقدس کی طرف رخ نہیں کرنا چاہیے۔ اسی لیے مولف نے دوسری روایت بھی ذکر کی جس میں "بیت المقدس کی طرف منہ کیے ہوئے" کے الفاظ ہیں۔ چنانچہ اگر انسان عمارت کے اندر قبلہ کی طرف منہ کرکے قضاء حاجت کر لے، تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3023